تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 02,2023

پریس ریلیز

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبا کی شکایات کے ازالے کے لیے محتسب مقرر کیا

پروفیسر نجمہ اختر، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نیچرل سائنسیز فیکلٹی کے سابق پروفیسر، ڈین پروفیسر سید اختر حسین (سبکدوش) کو یونیورسٹی کے طلبا کی شکایات کے ازالے کے لیے بطور محتسب مقرر کیا ہے۔ شیخ الجامعہ نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (طلبا کی شکایات کا ازالہ) کے مینڈیٹ کے مطابق یہ فیصلہ لیا ہے۔

محتسب کا مدت کار ذمہ داری سنبھالنے کی تاریخ سے تین سال یا ستر سال کی عمر یا ان میں سے جو بھی پہلے ہو تک ہوگا۔

محتسب شکایت کنندگان کی اپیل کی تبھی سماعت کرے گا جب ان قوانین وضوابط میں دستیاب جملہ تدارکی وسائل کو شکایت کنندہ طالب عالم بروئے کار لایا ہوگا اور پھر بھی وہ مسئلہ حل نہ ہوا ہو۔

امتحانات کے انعقاد یا پھر جانچ اور تشخیص کی کاروائی سے متعلق مجرمانہ غفلتوں کے معاملات محتسب کو بھیجے جاسکتے ہیں، لیکن امتحان کی جوابی کاپی کے نمبرات کی از سر نو تجمیع اور دوبارہ تشخیص کی اپیل یا درخواست پر وہ غور نہیں کرے گا ہاں ایسی کوئی فحش غلطی یا امتیازی سلوک ہوا ہو جس سے نتیجہ متاثر ہو رہا ہو ایسی صورت میں وہ معاملے پر غور وخوض کرسکتا ہے۔

مبینہ امتیازی سلوک اور برتاؤ سے متعلق شکایات کی سماعت کے لیے محتسب کسی غیر جانب دار مشیر عدالت کا تعاون حاصل کرسکتا ہے۔

شکایت کنندہ طلبا کی جانب سے موصول شکایات کے ازالے کے لیے محتسب تیس دنوں کے اندر کوشش کر کے متعلقہ معاملے کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی